# گرانٹس مینول

برائے

پروفیشنل فارمرز کوآپریٹو آرگنائزیشن (پی ایف سی اوز)

---

خیبر پختونخواہ رورل اکنامک ٹرانسفارمیشن پراجیکٹ (KP-RETP)

جلد-1

فہرستِ مضامین


1۔مخففات ............................................................ 2

2۔تعارف ............................................................ 3

2.1 مینوئل کا مقصد............................................................ 3

KP-RETP2.2 کا تعارف ............................................................ 3

2.3 مشترکہ مالی امداد کی سہولت کے اہم مقاصد . ........................... 4

2.4 منصوبے کے اجزاء............................................................ 4

2.4.1 جز 1: زرعی کاروبار کی ترقی............................................... 4

3۔ PFCOs کے لیے امدادی رقوم کی تشکیل .................................. 6

3.1 گرانٹس کی اقسام: ............................................................ 6

3.1.1 کاروبار چلانے کیلئے مالی معاونت ........................................ 6

3.1.2 سرمایہ کاری تعاون ............................................................ 6

3.1.3 قابل قبول اور نا قابل قبول اخراجات ....................................... 6

1.4 لاگت میں شراکت ............................................................ 6

3.1.5 مالی حجم اور مستفید ہونے والوں کی تعداد کا تخمینہ ........................ 7

3.2 اہلیت اور انتخاب............................................................ 7

3.2.1 ادارہ جاتی اہلیت ............................................................ 7

3.2.2 شمولیتی تقاضے............................................................ 7

3.3 مستفیدین کی اہلیت/ جانچ کا معیار............................................... 7

3.4 شعبہ جاتی ترجیحات کی وضاحت............................................... 7

4۔رقم کا انتظام وانصرام ............................................................ 8

4.1 مخصوص بینک اکاؤنٹ............................................................ 8

4.2 کاروبار اور خریداری منصوبہ کی منظوری.......................................... 8

4.2.1 کاروباری منصوبے کے تقاضے.................................................. 8

4.2.2 جانچ نمبر بندی ............................................................ 8

PFCO4.2.3 ممبران کا حصہ. ............................................................ 9

4.2.4 اقساط میں فنڈز کی فراہمی............................................................ 9

4.2.5 دھوکہ دہی اور سزائیں............................................................ 9

4.3 خریداری اور ادائیگی کے طریقہ کار............................................... 9

4.4 کوائف رکھنا اور مالی کارگزاری ............................................... 10

4.5 نگرانی اور رپورٹنگ............................................................ 10

5۔ میچنگ گرانٹس میں اہم مشترکہ موضوعات .......................... 11

5.1ان موضوعات کے مقاصد ....................................................... 11

5.2صنفی شمولیت کی حکمت عملی ............................................ 11

5.3نوجوانوں کی شمولیت کی حکمت عملی .................................. 11

5.4غذائیت سے متعلق حکمت عملی ............................................ 12

5.5موسمیاتی مزاحمت اور ماحولیاتی پائیداری کی حکمت عملی ....... 12

6۔مالی امداد وصولی کے بعد کے مراحل ................................ 13

6.1بعداز مالی امداد کی تعاون کے مقاصد .................................. 13

6.2اہم بعداز مالی امدادی تعاون کے راستے................................................ 13

6.3متوقع نتائج ........................................................................ 14

7۔ضمیمے ............................................................................ 15

7.1ضمیمہ 1– کاروباری منصوبہ نمونہ/ خاکہ .............................................. 15

7.2ضمیمہ 2–خریداری منصوبہ نمونہ/ خاکہ ................................. 16

7.3ضمیمہ 3–ماحولیاتی وسماجی جانچ کی فہرست ................. 17

7.4ضمیمہ 4–مالی کارگزاری کا نمونہ ..................................... 19

7.5ضمیمہ 5–اثاثہ جات رجسٹر کا نمونہ .............................. 20

7.6ضمیمہ 6–شمولیت کی تعمیل کی فہرست .............................. 20

7.7ضمیمہ 7–نمبر بندی کا پیمانہ ............................................. 21

7.8ضمیمہ 8–حساب کتاب کی جانچ کی فہرست ............................................... 22

7.9ضمیمہ 9–مالی امداد کا معاہدہ (خلاصہ) ................................. 23

7.10ضمیمہ 10–شکایات کے اندراج کا فارم(GRM) ................. 25

# مخففات

| | |
|---|---|
| 4Ps | پبلک-پرائیویٹ-پروڈیوسرز پارٹنرشپس (حکومت اور نجی پیداوار کنندگان کے مابین شراکت داری) |
| BDU | بزنس ڈیویلپمنٹ یونٹ (کاروباری سرگرمیوں کو منظم کرنے والا شعبہ) |
| BMP | بزنس موبلائزیشن پارٹنر (کاروباری تحریک کا شراکت دار) |
| EU | یورپی یونین |
| FOAH | فارمرز اونڈ ایگری بزنس حب (کشتکاروں کی ملکیتی زرعی کاروباری مرکز) |
| GRM | گریونس ریڈریسل میکنزم (شکایات کے ازالے کا نظام) |
| IFAD | انٹرنیشنل فنڈ فار ایگریکلچر ڈیویلپمنٹ |
| -KPRETP | خیبر پختونخواہ رورل اکنامک ٹرانسفارمیشن پراجیکٹ |
| MC | انتظامی کمیٹی |
| MG | میچنگ گرانٹ (مساوی/شراکتی امداد) |
| PFCO | پروفیشنل فارمرز کوآپریٹو آرگنائزیشن (پیشہ ورانہ کسان باہمی تعاون تنظیم) |
| PIM | پراجیکٹ امپلیمنٹیشن مینوئل (منصوبہ پر عمل درآمد کا کتابچہ) |
| PMU | پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (منصوبہ کا انتظامی یونٹ) |
| PSC | پاورٹی اسکور کارڈ (غربت کی پیمائش کا کارڈ) |
| RCU | ریجنل کوآرڈنیشن یونٹ (علاقائی رابطہ کاری یونٹ) |
| SECAP | سماجی، ماحولیاتی اور موسمیاتی جانچ کے طریقہ کار |

## باب-1

## 2۔تعارف

### 2.1 کتابچہ کے بارے میں

یہ کتابچہ PFCOs کے لیے شراکتی امداد (MGs) کے نفاذ کے حوالے سے عملی، مالی، امانتی، ماحولیاتی اور گورننس سے متعلق رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ یہ PFCOs، BMPs، RCUs اور PMU کے لیے لازمی ہے۔

یہ کتابچہ خیبر پختونخواہ رورل اکنامک ٹرانسفارمیشن پراجیکٹ (KP-RETP) کے تحت قائم ہونے والی پروفیشنل فارمر کوآپریٹو آرگنائزیشنز (PFCOs) کو جامع عملی رہنمائی فراہم کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

اس مینوئل کا مقصد ایک عملی حوالہ دستاویز کے طور پر کام کرنا ہے جس میں KP-RETP کے تحت PFCOs کو فراہم کی جانے والی امداد کے حصول اور استعمال کے لیے معیاری طریقہ کار، عملی رہنما اصول، اور قابلِ عمل اقدامات کو واضح کیا گیا ہے۔ یہ کتابچہ ادارہ جاتی صلاحیت کو مضبوط بنانے، گورننس اور انتظامی ڈھانچوں کو بہتر بنانے، اور PFCOs کی مجموعی عملی کارکردگی کو مؤثر بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

مزید برآں، یہ PFCOs کو مؤثر کاروباری منصوبہ بندی، مالیاتی انتظام اور منظور شدہ بزنس پلانز اور منصوبے کے رہنما اصولوں کے مطابق سرگرمیوں کے نفاذ میں مدد فراہم کرتا ہے۔ یہ شفافیت، جوابدہی اور پائیداری کو بھی فروغ دیتا ہے تاکہ PFCOs ایک مضبوط، منڈی سے جڑے ہوئے اداروں کے طور پر کام کر سکیں اور دیہی معیشت کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔

### KP-RETP2.2 کے بارے میں

خیبر پختونخوا رورل اکنامک ٹرانسفارمیشن پروجیکٹ (KP-RETP) ایک اہم ترقیاتی اقدام ہے جس کا مقصد صوبے میں دیہی غربت میں کمی لانا اور خوراک و غذائی تحفظ کو بہتر بنانا ہے۔ اس پراجیکٹ کا توجہ دیہی آمدن میں اضافہ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر مرکوز ہے، جو پائیدار اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے ہم آہنگ اعلیٰ قدر زرعی سرگرمیوں کے فروغ کے ذریعے حاصل کیا جا رہا ہے۔ یہ پراجیکٹ محکمہ منصوبہ بندی و ترقی، حکومتِ خیبر پختونخوا کے زیرِ انتظام نافذ کیا جا رہا ہے، جسے بین الاقوامی ادارہ برائے زرعی ترقی (IFAD) اور یورپی یونین (EU) کی مالی معاونت حاصل ہے۔

یہ منصوبہ خیبر پختونخوا کے تمام 36 اضلاع میں نافذ کیا جا رہا ہے، جس میں دیہی گھرانوں کو ہدف بنایا گیا ہے، خاص طور پر وہ گھرانے جو غربت جانچ کا پیمانہ (PSC) کے 0 تا 40 کے دائرے میں آتے ہیں۔ خواتین اور نوجوانوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، اور ان کی معاشی شمولیت اور سماجی بااختیاری کے فروغ کے لیے مخصوص اور موزوں اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

اندازاً تقریباً 7 لاکھ 85 ہزار گھرانے (تقریباً 43 لاکھ 50 ہزار افراد) اس منصوبے سے براہِ راست یا بالواسطہ فائدہ اٹھائیں گے۔ اس منصوبے کی حکمتِ عملی ایک جامع نقطہ نظر

پر مبنی ہے، جس میں پیداواری اثاثوں کی فراہمی، فنی و انتظامی تربیت، اور ابتدائی سرمایہ تک رسائی شامل ہے، تا کہ پائیدار روزگار کے مواقع پیدا ہوں اور غربت سے نکلنے میں مدد ملے۔

پراجیکٹ کا ایک اہم حصہ چھوٹے کسانوں کو منڈی سے منسلک PFCOs میں منظم کرنا اور پبلک - پرائیویٹ - پروڈیوسرز پارٹنرشپس (4Ps) کو فروغ دینا ہے۔ یہ اقدامات ویلیو چین/ پیداواری سلسلہ کو مضبوط بنانے، منڈی تک رسائی بہتر کرنے، اور نجی شعبے کی شمولیت بڑھانے کے لیے کیے جا رہے ہیں، تا کہ دیہی معیشت کو دیرپا استحکام اور مضبوطی حاصل ہو۔

### 2.3 مشترکہ مالی امداد کی سہولت کے اہم مقاصد

1۔ تجارتی لحاظ سے قابلِ عمل زرعی کاروباری ماڈلز کو فروغ دینا
2۔ چھوٹے کسانوں کو ویلیو چینز/ پیداواری سلسلوں میں شامل کرنا
3۔ گھریلو آمدن اور روزگار کے مواقع میں اضافہ کرنا
4۔ موسمیاتی تبدیلی کے خلاف مضبوط اور جامع ترقی کو فروغ دینا

### 2.4 پراجیکٹ کمپونٹس/ اجزاء

یہ پراجیکٹ تین باہم مربوط کمپونٹس/ اجزاء پر مشتمل ہے، جن کا مقصد جامع اور پائیدار دیہی معاشی ترقی کو فروغ دینا ہے:

کمپونٹ/ جز I: زرعی کاروبار کی ترقی
کمپونٹ/ جز II: مہارتوں اور روزگار کا فروغ
کمپونٹ/ جز III: پروگرام کی انتظامی و پالیسی سازی میں معاونت

### 2.4.1 کمپونٹ/ جز I: زرعی کاروبار کی ترقی

یہ کمپونٹ/ جز I چار ذیلی اجزاء پر مشتمل ہے، جو مل کر چھوٹے کسانوں کو زرعی ویلیو چینز/ پیداواری سلسلوں سے جوڑنے، پیداوار بڑھانے اور آمدن میں اضافہ کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

**پیشہ ورانہ کسان باہمی تعاون تنظیم/ پروفیشنل فارمر کوآپریٹو آرگنائزیشنز (PFCOs) کی ترقی**

منصوبے کے تحت 550 کثیر المقاصد PFCOs قائم کی جائیں گی، جن میں ہر ایک میں تقریباً 400 کسان شامل ہوں گے۔ یہ ادارے باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں گے اور انہیں شفاف طریقہ کار کے تحت بھرتی کیے گئے ماہرین کے ذریعے چلایا جائے گا۔

**4Ps کے ذریعے دیگر و ویلیو چین/ زرعی قدر کے سلسلے کی ترقی**

پراجیکٹ 20 پبلک-پرائیویٹ-پروڈیوسر پارٹنرشپس (4Ps) قائم کرے گا، جن میں ہر ایک تقریباً 2,000 کسانوں کا احاطہ کرے گی۔ نجی شعبے کے شراکت داروں کا انتخاب مسابقتی عمل کے ذریعے کیا جائے گا اور انہیں 3 سے 5 سال کے معاہدوں کے تحت ویلیو چین/قدر کے سلسلے کی ترقی اور منڈی روابط کو مضبوط بنانے کے لیے شامل کیا جائے گا۔

## زرعی سہولتی مراکز/ فارم سروسز سینٹرز (FSCs)/کسانوں کا اپنا زرعی تجارتی مرکز/فارم اونڈ ایگرو بزنس ہبز (FOAH) کی بہتری

منصوبہ 36 موجودہ فارم سروسز سینٹرز کو جدید بنائے گا تاکہ وہ بیج، کھاد، زرعی ادویات، مشینی خدمات، تکنیکی رہنمائی، تصدیق نامہ اور تجارتی تشہیر وفروخت جیسی سہولیات بہتر انداز میں فراہم کر سکیں۔ ان مراکز کو خودمختار، کسانوں کی قیادت میں چلنے والی نجی کمپنیوں میں تبدیل کیا جائے گا، جن میں PFCOs اور انفرادی کسان حصہ دار ہوں گے۔

## ادارہ جاتی معاونت کی خدمات

اس ذیلی جزو کا مقصد PFOs، 4Ps اور FSCs کو منڈی کی ضروریات کے مطابق کارکردگی بہتر بنانے کے لیے طلب پر مبنی ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنا ہے۔ پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PMU) مختلف سرکاری اداروں، جیسے تحقیقی، تعلیمی اور توسیعی محکموں کے ساتھ نتائج پر مبنی شراکت داری قائم کرے گا۔

## باب-2

### 3۔ PFCOs کے لیے امدادی رقوم کی تشکیل

### 3.1 امدادی رقوم کی اقسام

PFCOs کو ان کی عملی اور کاروباری ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مختلف اقسام کی امدادی رقوم فراہم کی جاسکتی ہیں، جن میں شامل ہیں:

#### 3.1.1 کاروبار چلانے کیلئے مالی معاونت (زیادہ سے زیادہ 30%)

PFCOs کی روزمرہ مالی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے امدادی رقوم دی جاسکتی ہیں۔ یہ رقم منظور شدہ کاروباری منصوبہ میں درج کل لاگت کی بنیاد پر طے کی جاتی ہے تاکہ ادارہ اپنی روزانہ کی سرگرمیاں، خریداری اور دیگر اخراجات با آسانی انجام دے سکے۔

#### 3.1.2 سرمایہ کاری تعاون (کم از کم 70%)

PFCOs کو سرمایہ کاری کے لیے بھی امدادی رقوم دی جائیں گی، جن میں مشینری، آلات، اوزار اور تکنیکی خدمات کی خریداری شامل ہے۔ یہ سرمایہ کاری ادارے کی پیداوار، کارکردگی اور ویلیو ایڈیشن کو بہتر بناتی ہے اور طویل مدتی پائیداری کو مضبوط کرتی ہے۔

#### 3.1.3 تکنیکی معاونت/ استعداد کار میں اضافہ (زیادہ سے زیادہ 5%)

منظوری کی صورت میں، امدادی رقوم کا زیادہ سے زیادہ 5% حصہ تربیت یا تکنیکی معاونت کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

#### 3.1.4 قابلِ قبول اور نا قابلِ قبول اخراجات

**قابلِ قبول اخراجات:** زرعی مشینری (کاشتکاری، عمل کاری، اکٹھا کرنے کے لیے) بنیادی ڈھانچہ، ذخیرہ گاہیں، موسمیاتی لحاظ سے بہتر ٹیکنالوجی، بہتر زرعی مداخل، بستہ بندی مواد، کولڈ چین، بستہ بندی کے مراکز/ پیکنگ ہاؤسز، زرعی مراکز وغیرہ

**نا قابلِ قبول اخراجات** زمین کی خریداری، ذاتی گاڑیاں، قرضوں کی ادائیگی، سیاسی سرگرمیاں، ذاتی قرضے

#### 3.1.5 لاگت میں شراکت

منصوبہ:70% | PFCO ممبران:30% (صرف نقد رقم)

### 3.1.6 امدادی رقوم کی مالی حد اور مستفید افراد کا تخمینہ

ہر PFCO سے توقع کی جاتی ہے کہ اس کی اوسط رکنیت تقریباً 400 کسانوں (منفرد گھرانوں) پر مشتمل ہوگی۔ ان اراکین کا انتخاب منصوبے کے طے شدہ انتخابی معیار کے مطابق کیا جاتا ہے۔ مختص کردہ امداد کی رقم کا مقصد تمام اراکین کو اجتماعی طور پر فائدہ پہنچانا ہے، جس کے ذریعے زرعی مداخل، خدمات، بنیادی ڈھانچے اور منڈی کے مواقع تک رسائی بہتر بنائی جاتی ہے۔ تخمینہ شدہ گرانٹ کی رقم 70,000 سے 100,000 امریکی ڈالر کے مساوی ہوسکتی ہے، جسے PFCO کی رکنیت کے حجم کے مطابق پاکستانی روپے میں درست کیا جاتا ہے۔

## 3.2 اہلیت اور انتخاب

### 3.2.1 ادارہ جاتی اہلیت

PFCO کا قانونی طور پر اندراج ہونا، فعال انتظامی نظام ہونا اور ایک مخصوص بینک اکاؤنٹ ہونا ضروری ہے۔

### 3.2.2 شمولیتی تقاضے

کم از کم 25% خواتین رکنیت
کم از کم 30% نوجوانوں کی شرکت

## 3.3 مستفیدین کی اہلیت/ جانچ کا معیار

PFCO کی جانب سے منظور شدہ کاروباری منصوبہ کے مطابق اپنی مطلوبہ شراکت جمع کرانے کے بعد۔ PFCO کی یہ ذمہ داری ہوگی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ اس کے اراکین منظور شدہ بزنس پلان کی مجموعی لاگت کا 30 فیصد اپنی متعلقہ PFCO کے نامزد بینک اکاؤنٹ میں جمع کروائیں۔ یہ 30 فیصد شراکت نقد (کیش) کی صورت میں ادا کرنا لازم ہے۔ اس نقد شراکت کا مقصد شریک کسانوں اور پیداوارکنندگان کے درمیان مالی وابستگی، ملکیت کے احساس اور جوابدہی کو یقینی بنانا ہے۔

## 3.4 ترجیحی شعبے

PC-1 میں بیان کردہ منصوبے کے مطابق، پورے صوبے میں مختلف ترجیحی ویلیو چینز/ قدر کے سلسلے کی نشاندہی کی گئی ہے جنہیں MG کے تحت سرمایہ کاری کے لیے اہل قرار دیا گیا ہے۔ ان میں اعلیٰ قدر زرعی اور اس سے منسلک شعبے شامل ہیں، جیسے سبزیوں کی پیداوار، پھلوں کی کاشت، مال مویشی، مرغ بانی اور مچھلی پالنا۔
ان ویلیو چینز کے انتخاب کی بنیاد ان کی وہ صلاحیت ہے جس کے ذریعے پیداوار میں اضافہ، زیادہ آمدنی کا حصول، اور کسانوں اور دیہی کاروباری افراد کے لیے پائیدار روزگار کے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔

1 یہ شرط PFCOs کی مجموعی رسائی/ دائرہ کار پر قابو یا انتظام کے تحت ہوگی اور ضروری نہیں کہ ہر PFCO پر الگ الگ لاگو ہو۔ یہ PFCOs کی رکنیت، تعیناتی اور انتظامی ڈھانچہ پر لاگو ہوگی۔

# باب-3

## 4۔امدادی رقوم کے لیے مالیاتی نظم و نسق کے انتظامات

پروجیکٹ دستاویزات میں بیان کردہ PFCOs کے لیے مختص بجٹ کی روشنی میں، امدادی رقوم کے وسائل کے مؤثر، جوابدہ اور نتائج پر مبنی استعمال کو یقینی بنانے کے لیے ایک منظم اور شفاف مالیاتی نظم و نسق کا نظام نافذ کیا جائے گا۔

کاروباری ترقی کا شعبہ/ بزنس ڈویلپمنٹ یونٹ (BDU)، جو کہ پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PMU) کے اندر قائم ہے، مشترکہ مالی امدادی رقوم کی مجموعی مالی منصوبہ بندی اور PFCOs کو ان کی تقسیم کا ذمہ دار ہوگا۔ ریجنل کوآرڈینیشن یونٹس (RCUs) خاص طور پر منظور شدہ منصوبوں پر عملدرآمد پر توجہ مرکوز رکھتے ہوئے مشترکہ مالی امداد کے نفاذ کی نگرانی کریں گے۔ فعال سطح پر، کاروباری تحریک کا شراکت دار/ بزنس موبلائزیشن پاٹنرز (BMPs)، PFCOs کی انتظامی کمیٹیوں کے ساتھ مشاورت میں، نشاندہی شدہ زرعی کاروباری حلقے میں سرگرمیوں کے نفاذ میں سہولت کاری اور نگرانی کریں گے۔ مالی نظم و نسق کا عمل درج ذیل اہم مراحل کے ذریعے نافذ کیا جائے گا:

### 4.1 مخصوص بینک اکاؤنٹ کا قیام

ہر PFCO ایک تسلیم شدہ مالیاتی ادارے میں ایک علیحدہ بینک اکاؤنٹ قائم کرے گا۔ یہ اکاؤنٹ صرف مشترکہ مالی رقوم کے لین دین کے لیے استعمال ہوگا، جس میں منصوبے کے رقوم اور مستفید ہونے والوں کی شراکت دونوں شامل ہوں گے۔ اس اکاؤنٹ کو شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنانے کے لیے مجاز دستخط کنندگان کے مشترکہ طور پر چلایا جائے گا۔

### 4.2 کاروبار اور خریداری منصوبہ / بزنس اور پروکیورمنٹ پلان کی منظوری

ہر PFCO، BMPs کی معاونت سے، ایک تفصیلی کاروبار اور خریداری منصوبہ تیار کرے گا۔ ان منصوبوں میں مجوزہ سرمایہ کاری، عملدرآمد کی حکمت عملی، لاگت کے تخمینے اور خریداری کے انتظامات شامل ہوں گے۔ رقوم کے اجرا سے قبل ان منصوبوں کا جائزہ لیا جائے گا اور منصوبے کے مجاز اختیار کی جانب سے باقاعدہ منظوری دی جائے گی۔

#### 4.2.1 کاروباری منصوبے کے تقاضے

کاروباری منصوبہ میں PFCOs کے لیے کاروباری تجویز، اس سے متعلقہ مالی تخمینے (5–3 سال)، خطرات کا تخمینہ، ماحولیاتی جانچ، اور شمولیتی حکمت عملی شامل ہوگی۔

#### 4.2.2 بزنس پلان اسیسمنٹ اسکورنگ/ کاروباری منصوبے کی جانچ نمبر دہی کا نظام

کم از کم پاسنگ اسکور/ کامیابی کیلئے مطلوبہ نمبر: 70/ 100 (ملاحظہ کریں ضمیمہ 7)۔

### PFCO 4.2.3 اراکین کی شراکت

PFCO کے اراکین منظور شدہ کاروباری منصوبے کی مجموعی لاگت کا 30 فیصد نقد کی صورت میں ادا کریں گے، جو کاروباری منصوبے کی منظوری اور KP-RETP کی جانب سے مشترکہ امدادی رقوم کا منظورنامہ / ایوارڈ لیٹر جاری ہونے کے بعد متعلقہ PFCO کے نامزد بینک اکاؤنٹ میں جمع کرانا لازم ہوگا۔ یہ شراکتی مالی امداد کے اجرا سے قبل جمع کروائی جائے گی۔ اشیاء یا خدمات کی صورت میں دی جانے والی شراکت قابل قبول نہیں ہوگی۔

### 4.2.4 قسطوں کی بنیاد پر فنڈز کا اجرا (Tranche-Based Fund Disbursement)

مشترکہ امدادی رقوم تین اقساط (Tranches) میں جاری کیے جائیں گے تاکہ فنڈز کے مؤثر استعمال، خطرات میں کمی اور اخراجات پر کنٹرول کو یقینی بنایا جا سکے:

- پہلی قسط (50%)
  منظور شدہ کاروباری منصوبے اور خریداری منصوبے کی منظوری کے بعد مشترکہ امدادی رقوم کا 50 فیصد PFCO کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کیا جائے گا۔
- دوسری قسط (25%)
  منظور شدہ خریداری منصوبے کے مطابق سپلائی آرڈرز کے اجرا اور پہلی قسط کے 70 فیصد استعمال کے بعد امدادی رقم کا 25 فیصد ادا کیا جائے گا۔
- آخری قسط (25%)
  بقیہ 25 فیصد رقم PFCO کے اکاؤنٹ میں منتقل کی جائے گی اور بعد ازاں سامان اور/ یا خدمات کی ترسیل کی تصدیق اور کم از کم 70 نمبر/ اسکور کی تعمیل کے بعد فروخت کنندگان کو ادا کی جائے گی۔

یہ مرحلہ وار ادائیگی کا نظام امدادی رقوم کے درست استعمال اور خریداری و مالیاتی قواعد کی پابندی کو یقینی بناتا ہے۔

### 4.2.5 دھوکہ دہی اور سزائیں

قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں رقم کی معطلی، وصولی، نااہل قرار دینا یا قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔

### 4.3 خریداری اور ادائیگی کے طریقہ کار

تمام خریداری کی سرگرمیاں منصوبے کے انتظامی ڈھانچہ / پروجیکٹ امپلیمنٹیشن مینوئل (PIM) اور عوامی سطح پر خریداری کا کتابچہ/ پروکیورمنٹ مینوئل کے مطابق انجام دی جائیں گی تاکہ شفافیت، مسابقت اور بہترین مالی قدر کو یقینی بنایا جا سکے۔ PFCOs منظور شدہ خریداری طریقہ کار پر عمل کریں گے، جس میں نرخ نامہ/ قیمتوں کا تخمینہ حاصل کرنا، فروخت کنندگان کا انتخاب اور سپلائی آرڈرز کا اجرا شامل ہے۔

فروخت کنندگان کو ادائیگیاں باضابطہ بینکاری کے ذرائع کے ذریعے کی جائیں گی اور اس کے ساتھ مکمل دستاویزی ثبوت منسلک ہوگا، جس میں بولی کی جانچ، بل، ترسیلی دستاویز

اور تصدیقی رپورٹ شامل ہوں گی۔ جہاں ضروری ہو، مالیاتی نظم و ضبط کو بہتر بنانے کے لیے براہِ راست ادائیگیاں بھی کی جا سکتی ہیں۔

صرف قبل از وقت جانچ شدہ فروخت کنندگان/ پری کوالیفائیڈ وینڈرز سے کم از کم تین نرخ نامہ/ کوٹیشنز حاصل کرنا لازمی ہوگا۔
مفادات کے ٹکراؤ (Conflict of Interest) کا اعلامیہ دینا لازمی ہوگا۔

### 4.4 دستاویز کی دیکھ بال/ ریکارڈ کیپنگ اور مالیاتی رپورٹنگ

- نقدی کا ڈبہ/کیش بکس اور کھاتہ جات/لیجرز
- گوشوارہ حساب بینک/بینک اسٹیٹمنٹس اور مطابقت حسابات کی روداد/ری کنسیلی ایشن رپورٹس
- ادائیگی کی رسید/واؤچرز اور معاون دستاویزات
- خریداری/ پروکیورمنٹ اور ٹھیکہ جات/ کنٹریکٹ ریکارڈز

PFCOs باقاعدگی سے مالیاتی روداد تیار کریں گے اور انہیں منصوبے کی مجاز حکام/ اتھارٹیز کو جائزے کے لیے جمع کرائیں گے۔ مناسب دستاویزات کی موجودگی شفافیت کو یقینی بنائے گی اور آڈٹ کے عمل کو آسان بنائے گی۔

### 4.5 نگرانی اور روداد نویسی/مانیٹرنگ اور رپورٹنگ

نگرانی اور روداد نویسی/ مانیٹرنگ اور رپورٹنگ کے انتظامات اس مقصد کے لیے قائم کیے جائیں گے تا کہ شراکتی مالی امداد کے وسائل کو مؤثر، شفاف اور منظور شدہ کاروباری منصوبہ، خریداری انتظامات اور مالیاتی نظم و نسق شقوں کے مطابق استعمال کیا جا سکے۔ PMU، RCUs اور BMPs کے تعاون سے عملدر آمد کی نگرانی کرے گا اور مالی امداد کی شرائط، رقوم کے استعمال اور منصوبہ بند سرمایہ کاری کی تکمیل کی تصدیق کرے گا۔ PFCOs مناسب مالیاتی ریکارڈ رکھیں گے اور ضمیمہ جات میں فراہم کردہ معیاری نمونہ جات کے مطابق رپورٹس جمع کرائیں گے، جن میں مالیاتی روداد نویسی خاکہ شامل ہوگا جس میں وصول شدہ فنڈز، اخراجات، اثاثوں کی خریداری اور بقایا جات کی تفصیلات درج ہوں گی۔ روداد نویسی کے تقاضے درج ذیل ہوں گے:

- **ابتدائی صورتحال کا تخمینہ/بیس لائن اسیسمنٹ (پہلی قسط سے قبل لازمی)**

مشترکہ مالی امداد کی پہلی قسط کے اجرا سے قبل ایک ابتدائی صورتحال کا تخمینہ کیا جائے گا تا کہ منظور شدہ کاروباری منصوبے کے نفاذ کی نگرانی کے لیے بنیادی معلومات حاصل کی جا سکیں۔

- **سہ ماہی مالیاتی روداد نویسی/ رپورٹنگ لازمی**

PFCOs ہر سہ ماہی مالیاتی روداد نویسی مقررہ نمونے کے مطابق جمع کرائیں گے، جن میں موصول شدہ رقم، اخراجات، اثاثوں کی خریداری اور اختتامی بقایا جات شامل ہوں گے، اور ان کی مکمل معاون دستاویزات بھی فراہم کی جائیں گی۔

۔ اتفاقیہ اور حد مقررہ ر پر مبنی احتساب حسابات/ رینڈم اور تھریش ہولڈ بیسڈ آڈٹس کی اجازت

منصوبہ کسی بھی وقت اچانک یا مقررہ حد کی بنیاد پر جانچ پڑتال/ آڈٹ کرسکتا ہے تا کہ مالیاتی نظم ونسق، کاروباری طریقہ کار اور معاون دستاویزات کی تعمیل کی تصدیق کی جا سکے۔

## باب-4

### PFCO5 کے لیے شراکتی امدادی رقوم میں ہمہ جہت موضوعات کا مرکزی دھارے میں شامل کرنا

KPRETP- دیہی معاشی ترقی کے لیے غریب دوست، شمولیتی اور موسمیاتی لچک پر مبنی حکمتِ عملی اختیار کرتا ہے۔ IFAD کی اہم ترجیحات کے مطابق، اشترا کی مالی امداد کا طریقہ کار/ میچنگ گرانٹ میکانزم نہ صرف زرعی کاروباری سرمایہ کاری کی معاونت کے لیے بنایا گیا ہے بلکہ اس بات کو بھی یقینی بناتا ہے کہ ہمہ جہت موضوعات کو امداد کے تمام مراحل میں مکمل طور پر شامل کیا جائے۔ ان موضوعات میں صنفی مساوات اور خواتین کی بااختیاری، نوجوانوں کی شمولیت اور روزگار، غذائیت سے متعلق حساسیت، اور موسمیاتی لچک و ماحولیاتی پائیداری شامل ہیں۔ ان موضوعات کو مرکزی دھارے میں شامل کرنے سے یہ یقینی بنایا جاتا ہے کہ PFCOs کے ذریعے کی جانے والی سرمایہ کاری شمولیتی، منصفانہ، پائیدار اور IFAD کے ترقیاتی اہداف سے ہم آہنگ ہو۔

### 5.1 ہمہ جہت/ کراس کٹنگ موضوعات کو مرکزی دھارے میں شامل کرنے کے مقاصد:

۱۔ خواتین، نوجوانوں اور کمزور طبقات کے لیے وسائل تک مساوی رسائی کو یقینی بنانا

۲۔ چھوٹے کسان گھرانوں کی آمدن، غذائیت اور بحالی کی صلاحیت میں اضافہ کرنا

۳۔ موسمیاتی لحاظ سے ذہین زرعی طریقوں کو فروغ دینا

۴۔ ادارہ جاتی نظم ونسق اور جوابدہی کو مضبوط بنانا

۵۔ شمولیتی قدر کا سلسلہ/ ویلیو چین کی ترقی کو فروغ دینا

### 5.2 صنفی شمولیت کی حکمتِ عملیاں:

PFCO رکنیت میں خواتین کی کم از کم 25 فیصد شرکت کو یقینی بنانا

خواتین کی قیادت میں قائم PFCOs کو مالی امداد میں ترجیح دینا

صنفی حساس تربیت اور توسیعی خدمات فراہم کرنا

خواتین کے لیے مخصوص کاروباری سرگرمیوں (مال مویشی، مرغ پالنا، کچن گارڈننگ) کے لیے رقوم مختص کرنا

PFCO انتظامی کمیٹیوں میں خواتین کی نمائندگی کو یقینی بنانا

### 5.3 نوجوانوں کی شمولیت کی حکمتِ عملیاں:

نوجوانوں کی شرکت کے لیے کوٹہ مختص کرنا (کم از کم 30 فیصد)

نوجوانوں کی قیادت میں نئے کاروباری آغاز کو فروغ دینا، مثلاً:

مشینی خدمات/ میکانائزیشن سروسز

زرعی نقل وحمل/ ایگری لاجسٹکس

ڈیجیٹل زراعت

تکنیکی اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنا

مالی وسائل اور منڈی تک رسائی میں سہولت فراہم کرنا

اضافی قدر/ ویلیوایڈیشن اور زرعی خدمات میں نوجوانوں کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کرنا

نوجوانوں کی قیادت میں کاروباروں کی تعداد

نوجوانوں کے لیے پیدا ہونے والی ملازمتیں

PFCOs میں نوجوانوں کی شرکت

**5.4 غذائیت سے متعلق حساس حکمتِ عملیاں:**

غذائیت سے بھرپور فصلوں (چارہ، سبزیاں، دالیں) کو فروغ دینا

غذائی آگاہی نشستوں کو شامل کرنا

دودھ اور پروٹین سے بھرپور غذاؤں کی پیداوار کی حوصلہ افزائی کرنا

غذائیت سے بھرپور اضافی قدر مصنوعات کے لیے چھوٹے پیمانے پر عمل کاری کی معاونت کرنا

**5.5 موسمیاتی لچک اور ماحولیاتی پائیداری کو مرکزی دھارے میں شامل کرنے کی حکمتِ عملیاں:**

موسمیاتی لحاظ سے ذہین زرعی طریقوں کو فروغ دینا

معاونت فراہم کرنا:

قابلِ تجدید توانائی کے استعمال (مثلاً سولر پمپس) کی حوصلہ افزائی کرنا

IFAD کے SECAP تقاضوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانا

امدادی تجاویز کی ماحولیاتی جانچ پڑتال کریں

## باب-5

### 6۔ امدادی رقوم کے بعد کے مراحل

KP-RETP کے تحت امدادی رقوم کے بعد مراحل اس طرح ترتیب دیے گئے ہیں تا کہ مستفید افراد پراجیکٹ کے تحت فراہم کی گئی معاونت کو پائیدار طریقے سے استعمال کریں اور اپنی زندگی کو معاشی طور پر قابلِ عمل اور منڈی سے منسلک کاروباری سرگرمیوں کی طرف کامیابی سے منتقل ہو سکیں۔ یہ طریقہ کار استحکام کو مضبوط بنانے، آمدنی کے مواقع بڑھانے، اور طویل المدتی بنیادوں پر پیداواری سلسلہ/ ویلیو چینز کے ساتھ انضمام کو فروغ دینے پر مرکوز ہے۔

### 6.1 بعد از امدادی رقوم کی معاونت کے مقاصد

۱۔ فراہم کردہ وسائل اور رقم کا مؤثر استعمال یقینی بنانا

۲۔ پائیدار روزگار کے مواقع پیدا کرنا

۳۔ غریب گھرانوں کو غربت سے نکالنا

۴۔ مستفید افراد کو منڈی، مالیاتی اداروں اور سروس فراہم کرنے والوں سے جوڑنا

۵۔ کاروبار اور روزگار کے مواقع کو فروغ دینا

### 6.2 اہم بعد از امدادی رقوم اقدامات

**۱۔ مسلسل رہنمائی اور تکنیکی معاونت**

گرانٹس اور اثاثوں کی فراہمی کے بعد، مستفید افراد کو مسلسل رہنمائی اور مشاورتی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ فیلڈ عملہ اور شراکت دار ادارے درج ذیل امور میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں:

- کاروبار کی ترقی اور اداراتی نظم وضبط/انٹرپرائز مینجمنٹ
- بہتر زرعی طریقہ کار اور پیداوار میں اضافہ
- مالیاتی نظم ونسق اور کوائف کا گزاری/ریکارڈ کیپنگ

**۲۔ مارکیٹ روابط اور ویلیو چین میں شمولیت**

مستفید افراد PFCO اور پبلک پرائیویٹ پروڈیوسر پارٹنرشپس (4Ps) کے ساتھ منسلک کیا جاتا ہے تا کہ منظم منڈیوں تک رسائی حاصل ہو سکے۔

- اجتماعی تشہیر وفروخت اور مصنوعات کا اکٹھا کرنا
- بہتر قیمتوں کا حصول
- خریداروں اور عمل کاری کرنے والوں/پراسیسرز تک رسائی
- معیاری اصولوں کو اپنانا

یہ انضمام مستفید افراد کے کاروبار کی پائیداری اور منافع کو یقینی بناتا ہے۔

**۳۔ مالیاتی خدمات تک رسائی**

امدادی رقوم کے بعد معاونت میں مالیاتی خدمات تک رسائی کو بھی آسان بنایا جاتا ہے، جیسے کہ:

- چھوٹے قرضے/ مائیکرو کریڈٹ اور باقاعدہ بینکاری خدمات
- بچت کو فروغ دینا اور مالیاتی آگاہی
- چھوٹے مالی خدمات / مائیکروفنانس کے اداروں کے ساتھ روابط

یہ اقدامات مستفید افراد کو اپنے کاروبار کو وسعت دینے اور امدادی رقوم پر انحصار کم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

**۴۔ مہارتوں کی ترقی اور استعداد کار میں اضافہ**

مستفید افراد کو مسلسل مہارتوں میں بہتری کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں، جن میں شامل ہیں:

- تکنیکی اور پیشہ ورانہ تربیت
- کاروبار اور صنعت کاری /انٹر پرینیور شپ کی ترقی
- منڈی سے ہم آہنگ پیداوار کی تکنیکیں

یہ اقدامات روزگار کے مواقع بڑھانے اور کاروباری ترقی میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔

**۵۔ کاروبار کی مضبوطی اور تنوع**

مستفید افراد کو آمدنی کے ذرائع میں تنوع لانے اور اپنی سرگرمیوں کو وسعت دینے کی ترغیب دی جاتی ہے، جیسے کہ:

- پیداوار میں اضافہ
- اضافی قدر/ ویلیوایڈیشن متعارف کروانا (عمل کاری، ڈبہ بندی، شناخت سازی)
- زرعی سرگرمیوں کے علاوہ دیگر آمدنی کے ذرائع اختیار کرنا

اس سے خطرات میں کمی اور آمدنی کے استحکام میں بہتری آتی ہے۔

**٦۔ توسیعی اور معاون خدمات سے روابط**

پراجیکٹ سرکاری محکموں، تحقیقی اداروں اور توسیعی خدمات کے ساتھ روابط قائم کرنے میں سہولت فراہم کرتا ہے تاکہ:

- تکنیکی رہنمائی حاصل ہو
- تصدیق نامہ اور قواعد وضوابط کی تعمیل میں مدد ملے
- جدید تکنیک تک رسائی حاصل ہو

یہ اقدامات کاروبار کی طویل المدتی پائیداری کو یقینی بناتے ہیں۔

**۷۔ گریجویشن حکمتِ عملی**

غربت سے معاشی خودکفالت کی طرف مستفید افراد کی پیش رفت کو جانچنے کے لیے ایک منظم گریجویشن طریقہ کار اپنایا جاتا ہے، جس میں شامل ہے:

- آمدنی کی سطح اور اثاثوں کے استعمال کی نگرانی
- کاروباری کارکردگی کا جائزہ
- ضروریات کے مطابق ہدفی معاونت فراہم کرنا

گریجویٹ ہونے والے مستفید افراد سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ خودکفیل بن جائیں اور باضابطہ معیشت کا حصہ بنیں۔

**۸۔ نگرانی اور بعدازاں جائزہ**

باقاعدہ نگرانی اور بعدازاں دورے کیے جاتے ہیں تاکہ:

- کاروبار کی کارکردگی کا جائزہ لیا جاسکے
- مسائل کی نشاندہی کر کے حل فراہم کیا جاسکے
- وسائل کے مؤثر استعمال اور جوابدہی کو یقینی بنایا جاسکے

جمع شدہ ڈیٹا شواہد پر مبنی فیصلوں اور پروگرام میں بہتری کے لیے معاون ثابت ہوتا ہے۔

### 6.3 امدادی رقوم کے بعد اقدامات کے متوقع نتائج

امدادی رقوم کے بعد کی مداخلتوں سے درج ذیل نتائج کی توقع کی جاتی ہے:

- گھریلو آمدنی میں اضافہ اور تنوع
- پائیدار روزگار کے مواقع
- معاشی اور موسمیاتی غیر متوقع حالات کے مقابلے میں بہتر استحکام
- چھوٹے کاشتکاروں کی منڈی میں بہتر شمولیت
- دیہی غربت میں طویل المدتی کمی

## 7۔ضمیمہ جات

### 7.1 ضمیمہ 1– کاروباری منصوبہ خاکہ

-----------------------------------------

---------------------------

--------------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

## 7.2 ضمیمہ 2– خریداری منصوبے کا خاکہ / پروکیورمنٹ پلان ٹیمپلیٹ

### ا۔ خریداری منصوبے کا خاکہ

| نمبر شمار | شے کی تفصیل | تخمینی لاگت (روپے) | خریداری کا طریقہ کار | متوقع آغاز اور تکمیل کی تاریخ | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |

سفارش کنندہ:

| نام | عہدہ | دستخط | تاریخ |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |

7.3 ضمیمہ 3–ماحولیاتی وسماجی جانچ کی فہرست

| زمرہ | سوال | ممکنہ خطرہ | ہاں | نہیں | استعداد | لاگونہیں | تدارکی اقدامات اگرکوئی ہوں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حیاتیاتی تنوع | کیاسرگرمی میں زمین کی صفائی (مثلاً نئی کاشت یاتعمیراتی ڈھانچے کے لیے) شامل ہے؟ | رہائش گاہ کا نقصان، مٹی کا کٹاؤ | | | | | |
| | کیاسرگرمی زیادہ چرائی (overgrazing) کا سبب بن سکتی ہے؟ | چراگاہ کی خرابی، مٹی کی سختی | | | | | |
| | کیاسرگرمی سے غیرمقامی پودوں یاجانوروں کی اقسام شامل ہونے کا خطرہ ہے؟ | مقامی اقسام کا خاتمہ | | | | | |
| | کیاپراجیکٹ خطرے سے دوچارانواع کے لیےنقصان دہ ہوسکتا ہے؟ | | | | | | |
| | کیاپراجیکٹ ہجرت کرنے والے جنگلی حیات کومتاثرکرسکتا ہے؟ | قدرتی نظام میں خلل | | | | | |
| | کیاپراجیکٹ بیرونی (invasive) اقسام کومتعارف کرواسکتا ہے؟ | | | | | | |
| | کیاپراجیکٹ جینیاتی طور پرتبدیل شدہ جاندارشامل کرتا ہے؟ | | | | | | |
| | کیاسرگرمی محفوظ علاقے یاجنگلات کے قریب ہے؟ | ماحولیاتی نظام میں خلل | | | | | |
| وسائل کامؤثر استعمال اور آلودگی کی روک تھام | کیامپراجیکٹ قدرتی وسائل (لکڑی، ریت وغیرہ) کے زیادہ استعمال کا باعث بنے گا؟ | قدرتی وسائل کا بے جااستعمال | | | | | |
| | کیاسرگرمی سے آبپاشی کے لیے پانی کااستعمال بڑھے گا؟ | پانی کی کمی، تنازع | | | | | |
| | کیاسرگرمی زرعی فضلہ پیداکرے گی؟ | مٹی/ پانی کی آلودگی | | | | | |
| | کیاسرگرمی سے ہوامیں آلودگی یاگرد پیداہوگی؟ | فضائی آلودگی | | | | | |
| | کیاپانی کی معیارمناسب ہے (مچھلی کے لیے)؟ | پانی کی آلودگی | | | | | |
| | کیاسرگرمی غیرتحلیل پذیرکچرابڑھائے گی؟ | ٹھوس فضلہ میں اضافہ | | | | | |
| ثقافتی ورثہ | کیاسرگرمی میں زمین کی کھدائی شامل ہے؟ | ورثہ کونقصان | | | | | |
| | کیاسرگرمی روایتی ثقافت کومتاثرکرے گی؟ | ورثہ کانقصان | | | | | |
| قدیم/اصل باشندے | کیاپراجیکٹ ایسے علاقوں میں ہے جہاں مخصوص قبائل موجود ہیں؟ | | | | | | |
| | کیاسرگرمیاں ان گروہوں کومتاثرکریں گی؟ | سماجی خلل، محرومی | | | | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| محنت ومشقت اور کام کے حالات | کیا بچوں یا جبری مشقت کا خطرہ ہے؟ | استحصالی مشقت | | | | | |
| | کیا صحت وحفاظت کے خطرات موجود ہیں؟ | چوٹ، بیماری | | | | | |
| | کیا کارکن خطرناک کیمیائی مادے سے متاثر ہو سکتے ہیں؟ | زہریلا اثر، سانس کے مسائل | | | | | |
| | کیا صنفی امتیاز کا خطرہ ہے؟ | عدم مساوات | | | | | |
| عوام/کمیونٹی کی صحت و حفاظت | کیا کیمیائی مادے کے اثرات کا خطرہ ہے؟ | صحت کے مسائل | | | | | |
| | کیا پانی سے بیماریوں کا خطرہ ہے؟ | ملیریا، اسہال | | | | | |
| | کیا خوراک کی حفاظت کے مسائل ہو سکتے ہیں؟ | خوراک آلودگی | | | | | |
| | کیا صنفی بنیاد پر تشدد میں اضافہ ہو رہا ہے / جنسی استحصال اور جنسی زیادتی میں | | | | | | |
| آبادکاری (Resettlement) | کیا اس سرگرمی کیلئے کسی بھی قسم کی زمین حاصل کرنا ضروری ہوگا یا اس کے نتیجے میں لوگوں کی مستقل جسمانی بے دخلی وقع ہوگی؟ | رہائش/ زمین کا نقصان | | | | | |
| | کیا اس سے وسائل تک رسائی محدود ہوگی؟ | معاشی نقصان | | | | | |
| | کیا اثاثوں کا نقصان ہوگا؟ | | | | | | |
| | کیا عوام سے زمین لی جائے گی؟ | | | | | | |
| مالیاتی ادارے | کیا اس سرگرمی کیلئے عوام سے کسی زمین کے عطیے کی ضرورت ہوگی؟ | پراجیکٹ امدادی رقوم نقصان دہ سرگرمیوں میں استعمال ہو سکتے ہیں جس سے مقاصد متاثر ہو | | | | | |
| | کیا IFAD کی پابندیوں کی خلاف ورزی ہوسکتی ہے؟ | SECAP خلاف ورزی | | | | | |
| | کیا قرضہ رقوم غلط کاروبار کو معاونت کر سکتا ہے؟ | استحصالی نظام | | | | | |
| | کیا کمزور طبقات کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے؟ | سماجی عدم مساوات | | | | | |

## 7.4 ضمیمہ 4– مالیاتی روداد نویسی خاکہ / رپورٹنگ ٹیمپلیٹ

روداد نویسی مدت کے دوران موصول ہونے والی رقوم

| نمبر شمار | فنڈز کا ذریعہ | موصول ہونے کی تاریخ | حوالہ نمبر | رقم (روپے) | ربصرہ/ ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | KP-RETP مالی امداد | | | | |
| 2 | PFCO ممبران کی شراکت | | | | |
| 3 | دیگر معاونت (مالی معاون/حکومت) | | | | |
| | کل موصول شدہ رقوم | | | | |

اخراجات کی تفصیل

| نمبر شمار | سرگرمی/ اخراجات کی قسم | تاریخ | رسید/ واؤچر نمبر | رقم (روپے) | منظور کنندہ | ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تربیت/ استعداد کار میں اضافہ | | | | | |
| 2 | زرعی مداخل | | | | | |
| 3 | مال مویشی میں معاونت | | | | | |
| 4 | مشینیں/ اوزار | | | | | |
| 5 | انتظامی اخراجات | | | | | |
| | کل اخراجات | | | | | |

اثاثہ جات کی خریداری (اگر کوئی ہو)

| نمبر شمار | اثاثہ کی تفصیل | تعداد | خریداری کی تاریخ | لاگت (روپے) | سپلائر | مقام/ ذمہ دار فرد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

مدت کے اختتام پر نقدی/ بینک بیلنس

| تفصیل | رقم (روپے) |
|---|---|
| ابتدائی بقایاجات | |
| جمع: موصول شدہ رقوم | |
| منفی: کل اخراجات | |
| اختتامی بقایاجات | |

معاون دستاویزات کی پڑتالی فہرست

- بینک گوشوارہ
- ادائیگی کی رسیدیں
- رسیدیں/بل
- حاضری رجسٹر (تربیت کے لیے)
- خریداری کا کوائف
- تقسیم کی فہرست (سامان وصول کرنے پر ممبران کے دستخط)

## 7.5 ضمیمہ 5– اثاثہ رجسٹر خاکہ/ٹیمپلیٹ

PFCO کا نام: ____________________

| نمبر شمار | اثاثہ کی تفصیل | زمرہ (فرنیچر، آئی ٹی آلات، زرعی مشینری وغیرہ) | تعداد | خریداری کی تاریخ | خریداری لاگت | حالت (نیا/اچھا/درمیانہ/خراب) | تبصرہ/ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |

## 7.6 ضمیمہ 6– شمولیتی تعمیل پڑتالی فہرست

| PFCO کا نام | کل شرکاء/مستفیدین | خواتین کی شمولیت 25% (ہاں/نہیں) | نوجوانوں کی شرکت 30% (ہاں/نہیں) | کمزور طبقات شامل (ہاں/نہیں) | کمزور طبقات کی قسم (غریب/معذور/خواتین سربراہ گھرانہ وغیرہ) | تبصرہ/ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

## 7.7ضمیمہ 7–جانچ درجہ بندی کا پیمانہ/ اسکورنگ میٹرکس

شراکتی امدادی رقم کی درخواستیں/ کاروباری منصوبکی جانچ

| معیار | معاشی و مالیاتی موزونیت | | | ادارہ جاتی تیاری | | | | شمولیت وسماجی تعمیل | | | | ماحولیاتی و موسمیاتی پہلو | عملدرآمد کی صلاحیت | | کل نمبر | فیصلہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذیلی معیار | منڈی کی طلب | مالی تخمینے | منافع اور پائیداری | قانونی اندراج کی تعمیل | گورننس کی فعالیت | مالیاتی نظم و نسق کی صلاحیت | اندرونی اختیار | خواتین کی شمولیت 25% | نوجوانوں کی شرکت 30% | کمزور طبقات کی شمولیت | ماحولیاتی خطرات کا تدارک | موسمیاتی لحاظ سے بہتر اقدامات | خریداری منصوبہ کا معیار | عملدرآمد کاوقت کی ترتیب | | |
| زیادہ سے زیادہ نمبر | 10 | 10 | 10 | 5 | 5 | 5 | 5 | 8 | 6 | 6 | 8 | 7 | 7 | 8 | | |
| PFCO 0-1 | | | | | | | | | | | | | | | | شرائط کے ساتھ منظور/ نامنظور |

**PFCOKP-RETP امدادی رقوم کی پیمانہ جانچ**

**ہدایات:**

1۔نمبر "حاصل کردہ نمبر" کے کالم میں درج کریں

2۔مقررہ نمبر سے تجاوز نہ کریں

3۔کل نمبر اور فیصلہ خودکار طور پر طے ہوگا

4۔منظوری کے لیے کم از کم نمبر 70 ہے

5۔50 سے کم نمبر پر درخواست خودبخود مسترد ہو جائے گی

**جانچ کا خلاصہ**

کل نمبر:

فیصلہ:

## 7.8 ضمیمہ 8– آڈٹ کی پڑتال فہرست

ادارہ جاتی وگورننس تعمیل

| نمبر شمار | آڈٹ کی شق/نکتہ | ہاں | نہیں | جزوی | تبصرہ/ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | PFCO باقاعدہ اندراج شدہ | | | | |
| 2 | ایگزیکٹو کمیٹی فعال ہے | | | | |
| 3 | باقاعدہ اجلاس منعقد ہوتے ہیں | | | | |
| 4 | اجلاس کی کارروائی درج کی جاتی ہے | | | | |
| 5 | رکنیتی رجسٹر موجود ہے | | | | |
| 6 | خواتین کی شمولیت 25% | | | | |
| 7 | نوجوانوں کی شرکت 30% | | | | |

مالیاتی نظم ونسق

| نمبر شمار | آڈٹ کی شق/نکتہ | ہاں | نہیں | جزوی | تبصرہ/ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | PFCO بینک اکاؤنٹ فعال ہے | | | | |
| 2 | مشترکہ دستخط کے ساتھ اکاؤنٹ چلتا ہے | | | | |
| 3 | کیش بک برقرار رکھی جاتی ہے | | | | |
| 4 | بینک بک برقرار رکھی جاتی ہے | | | | |
| 5 | ماہانہ ریکارڈ تجدید ہوتا ہے | | | | |
| 6 | مالیاتی رپورٹس جمع کروائی جاتی ہیں | | | | |

فنڈز کا استعمال

| نمبر شمار | آڈٹ کی شق/نکتہ | ہاں | نہیں | جزوی | تبصرہ/ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | رقوم صرف منظور شدہ سرگرمیوں پر خرچ ہوئے | | | | |
| 2 | رسیدیں/بل دستیاب ہیں | | | | |
| 3 | ادائیگی واؤچرز درست نمبرنگ کے ساتھ ہیں | | | | |
| 4 | خریداری کے اصولوں پر عمل کیا گیا | | | | |
| 5 | کوئی غیر مجاز رقم نکالی نہیں گئی | | | | |

اثاثہ جات کا انتظام

| نمبر شمار | آڈٹ کی شق/نکتہ | ہاں یا نہیں | جزوی | تبصرہ/ریمارکس |
|---|---|---|---|---|
| 1 | اثاثوں کا رجسٹر برقرار ہے | | | |
| 2 | اثاثوں کی فزیکل تصدیق کی گئی | | | |
| 3 | اثاثوں کی شناختنشان دہی موجود ہے | | | |
| 4 | اثاثے صرف پراجیکٹ کے لیے استعمال ہو رہے ہیں | | | |

دستاویزات اور ریکارڈ کی دیکھ بھال

| نمبر شمار | آڈٹ آڈٹ کی شق/نکتہ | ہاں | نہیں | جزوی | تبصرہ/ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تربیت کے لیے حاضری شیٹس موجود ہیں | | | | |
| 2 | مستفیدین کا ریکارڈ موجود ہے | | | | |
| 3 | خریداری کا مکمل ریکارڈ موجود ہے | | | | |
| 4 | مالیاتی ریکارڈ درست طریقے سے محفوظ ہے | | | | |

### 7.9 ضمیمہ 9–امدادی رقوم کے معاہدہ کے نمونے کا خلاصہ

## شراکت داری کی شرائط

## معاہدہ (کنٹریکٹ ایگریمنٹ)

## درمیان

## خیبر پختونخواہ رورل اکنامک ٹرانسفارمیشن پراجیکٹ (KP-RETP)

## اور

## پروفیشنل فارمرز کوآپریٹو آرگنائزیشن (PFCO) کا نام درج کریں

**1۔تعارف:**

یہ معاہدہ خیبر پختونخواہ رورل اکنامک ٹرانسفارمیشن پراجیکٹ (KP-RETP) جس سے یہاں مراد (پراجیکٹ) ہے اور PFCO کا نام جس سے یہاں مراد "پروفیشنل فارمرز کوآپریٹو آرگنائزیشن ہے" کے درمیان طے پایا گیا ہے۔اس معاہدے کا مقصد KP-RETP کے تحت گاؤں میں قائم کی گئی PFCO کی ایگری بزنس کوآپریٹو سوسائٹی (VAC) کے کردار اور معاونت کو باضابطہ شکل دینا ہے، جو کہ

PFCO،اندراج نمبر (رجسٹریشن نمبر درج کریں) کے ساتھ، خیبر پختونخوا کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ 2020 کی دفعہ 10 کے تحت کوآپریٹو سوسائٹیز ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ باقاعدہ اندراج شدہ ہے۔ یہ ادارہ حکومت خیبر پختونخوا کے محکمہ منصوبہ بندی وترقی کے تحت KP-RETP کی نگرانی میں کام کرتا ہے۔

اس معاہدے کی شرائط کے مطابق، جو کہ 30 جون 2029 تک مؤثر رہے گا، پراجیکٹ PFCO کو زرعی کاروبار سے متعلق سرگرمیوں کے نفاذ کے لیے تکنیکی اور مالی معاونت فراہم کرے گا۔ان سرگرمیوں کا مقصد زرعی پیداوار میں اضافہ، ویلیوچین کی ترقی کو فروغ دینا، اور خیبر پختونخوا کی دیہی معیشت کی مجموعی بہتری میں کردار ادا کرنا ہے۔

**2۔KP-RETP کی ذمہ داریاں:**

a) PFCO کو ایگری بزنس موبلائزیشن پارٹنر (ABMP) اور دیگر سروس فراہم کرنے والوں کے ذریعے مالی و تکنیکی معاونت، استعداد کار میں اضافہ، اور مشاورتی خدمات فراہم کرنا؛

b) باضابطہ بینکاری نظام کے ذریعے مشترکہ امدادی رقوم کی فراہمی کو آسان بنانا؛

c) پراجیکٹ کے اہداف کے مطابق PFCO کی سرگرمیوں کی نگرانی اور جائزہ لینا؛ اور

d) دیہی علاقوں میں زرعی کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، منڈی کی طلب کے مطابق پیداوار کے انضمام/اجتماع، نجی سرمایہ کاری کے حصول، منڈی روابط کی بہتری، اور تصدیق نامہ کے عمل میں معاونت فراہم کرنا۔

**PFCO_3 کی ذمہ داریاں:**

a) PFCO منظورشدہ عوامی خریداری کتابچہ/کمیونٹی پروکیورمنٹ مینوئل میں درج طریقہ کار اور ہدایات کے مطابق اشیاء اور خدمات کی خریداری کا ذمہ دار ہوگا؛

b) PFCO روزمرہ عملی سرگرمیوں کے انتظام اور معاونت کے لیے پیشہ ور عملے کی بھرتی کا ذمہ دار ہوگا۔ ان عہدوں کے لیے کم از کم تعلیمی قابلیت FA / انٹرمیڈیٹ یا اس کے مساوی ہوگی؛

c) PFCO کاروباری منصوبہ کی تیاری کے لیے ABMP/RC ٹیم کو مطلوبہ معلومات فراہم کرے گا، اور حتمی کاروباری منصوبہ پراجیکٹ کو جمع کروایا جائے گا تاکہ اسے IFAD کو منظوری (No-Objection) کے لیے بھیجا جا سکے؛

d) PFCO منصوبے کے فنڈز کو صوبائی حکومت کے دائرہ کار یا معمول کی سرگرمیوں کے تحت آنے والے کاموں کے آغاز یا نفاذ کے لیے استعمال نہیں کرے گا؛

e) PFCO تمام لازمی اندراج کے تقاضوں (جیسے کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ) کی تکمیل اور ضابطہ جاتی تصدیق نامے و اجازت نامے کی مدت کی نگرانی کو یقینی بنائے گا، نیز ضروری پیشہ ور عملہ بھرتی کرے گا اور ان کی اسناد اور ذمہ داریوں کی تصدیق کرے گا؛

f) PFCO منصوبے کے لیے مخصوص بینک اکاؤنٹ کے قیام میں سہولت فراہم کرے گا اور فنڈز کے انتظام سے متعلق طے شدہ اصولوں، دستخطی اختیارات، اور آڈٹ کی تمام متعلقہ شرائط پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائے گا؛

g) PFCO مقررہ اکاؤنٹس میں شراکتی سرمایہ کی بروقت جمع آوری کو یقینی بنائے گا اور فنڈز کی منتقلی کا ریکارڈ برقرار رکھتے ہوئے مالی روداد سے ہم آہنگی کرے گا؛

h) PFCO کسانوں کے قرضوں کی وصولیوں کا مکمل اور قابلِ آڈٹ ریکارڈ رکھنے کا ذمہ دار ہوگا، جس میں ہر مستفید فرد کی تفصیلات اور بینکاری نظام کے ذریعے تصدیق شدہ دستاویزات شامل ہوں گی؛

i) PFCO اپنے ممبر کسانوں کو زرعی مداخل، جدید تکنیک اور استعداد کار میں اضافہ کی سہولیات فراہم کرے گا تاکہ دیہی سطح پر زرعی کاروبار کو فروغ دیا جا سکے؛

j) PFCO اپنے ممبران کے زرعی طریقہ کار اور عملی سرگرمیوں میں بہتری اور جدت کاری کو فروغ دے گا، خاص طور پر منڈی روابط کی ترقی پر توجہ کے ساتھ؛

k) PFCO خدمات کے خلا کو پُر کرنے کے لیے کردار ادا کرے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ممبران کو ضروری سہولیات تک رسائی حاصل ہو، جن میں بیمہ تحفظ، رابطہ سازی کے مواقع، اور متعلقہ سرکاری

محکموں، مالیاتی اداروں اور نجی شعبے کے ساتھ روابط شامل ہیں؛

l) کاشتکاروں کو تصدیق نامہ حاصل کرنے میں سہولت فراہم کرنے کی کوشش کرے گا (جیسے Global GAP، HACCP، BRC، ISO 22000، FFS وغیرہ)، خاص طور پر برآمدی اشیاء کے لیے، تاکہ منتخب مصنوعات کی بہترین اضافی قدر/ویلیو ایڈیشن کو یقینی بنایا جا سکے؛

m) PFCO معیاری سانچوں (Templates) کے ذریعے باقاعدہ تکنیکی اور مالی پیش رفت کی روداد تیار کرے گا، جن میں تجزیاتی طور پر قابلِ عمل معلومات شامل ہوں گی، اور مستفید افراد کی معلومات کو جنس، سماجی و معاشی حیثیت اور جغرافیائی محلِ وقوع کے لحاظ سے تقسیم کیا جائے گا؛

n) منافع کا بڑا حصہ (60 سے 80 فیصد) ممبر کسانوں کو منتقل کیا جائے گا جبکہ خالص منافع کا محدود حصہ فعال اخراجات کے لیے رکھا جائے گا؛

o) PFCO سالانہ جنرل اجلاس اور انتخابات کا انعقاد کرے گا؛

p) پراجیکٹ کی ماحولیاتی، سماجی، موسمیاتی اور مالیاتی ذمہ داریوں کی پابندی کرے گا؛ اور

q) پاکستان میں نافذ تمام قوانین، قواعد وضوابط کی مکمل پابندی کرے گا۔

### 4۔ مالیاتی انتظامات

خیبر پختونخواہ رورل اکنامک ٹرانسفارمیشن پراجیکٹ (KP-RETP) کی جانب سے PFCO میں سرمایہ کاری منظور شدہ کاروباری منصوبے کے مطابق زیادہ سے زیادہ 70 فیصد تک مشترکہ امدادی رقوم کی صورت میں ہوگی۔ ہر PFCO کو 20 لاکھ روپے کی پہلی قسط جاری ہونے کے بعد، مزید ادائیگیاں 3 یا 4 اقساط میں کی جائیں گی، جو کہ PIM میں درج تمام سنگِ میل کی تکمیل سے مشروط ہوں گی، جن میں شامل ہیں:

- مجوزہ مداخلت (کاروبار)
- تکنیکی قابلِ عملیت اور خریداری کے منصوبے
- کسانوں کی 30 فیصد شراکت کی یقین دہانی
- PFCO میں اہم عہدوں (بزنس مینیجر، بزنس ڈیولپمنٹ آفیسر، اکاؤنٹنٹ) پر موزوں اہلکاروں کی تعیناتی
- فراہم کنندگان کی پیشگی اہلیت/پری کوالیفیکیشن اور خریداری دستاویزات (RFQs) کی تیاری
- منڈی کا جائزہ اور حکمتِ عملی
- رسک (خطرات) کا تجزیہ
- نوجوانوں، صنفی اور غذائیت کی شمولیت
- اندرونی و بیرونی گورننس اور جوابدہی کا نظام
- کاروبار کی پائیداری اور پراجیکٹ کے بعد تسلسل کی تفصیلات

### 5۔ متفرق امور (Miscellaneous)

a) فریقین کے درمیان کسی بھی تنازع یا اس معاہدے کی کسی شق میں ابہام کی صورت میں معاملہ پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (KP-RETP) کو بھیجا جائے گا، جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

b) درج ذیل IFAD پالیسیاں اس معاہدے کا لازمی حصہ ہوں گی:

i. IFAD کی سرگرمیوں میں فراڈ اور بدعنوانی کی روک تھام سے متعلق نظرثانی شدہ پالیسی (available at www.ifad.org/en/document-detail/asset/40738506.

ii. جنسی ہراسانی، استحصال اور زیادتی کی روک تھام اور تدارک سے متعلق IFAD پالیسی (available at www.ifad.org/anticorruption_policy).

iii. غیر قانونی دولت کو جائز بنانا اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام سے متعلق پالیسی m (available at https://www.ifad.org/en/document detail/asset/41942012).

c) اس معاہدے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی دونوں فریقین کی باہمی رضامندی سے کی جائے گی۔

KP-RETP کی جانب سے

نام:-----------------------------

عہدہ:-----------------------------

تاریخ:-----------------------------

PFCO کی جانب سے

نام:-----------------------------

عہدہ:-----------------------------

تاریخ:-----------------------------

## 7.10 ضمیمہ 10– شکایات کے اندراج کا فارم

### شکایت کنندہ کی معلومات

| زمرہ/فیلڈ | تفصیل |
|---|---|
| نام | |
| والد/شوہر کا نام | |
| جنس | |
| رابطہ نمبر | |
| پتہ/گاؤں | |
| زمرہ | |

### شکایت کی تفصیل

| زمرہ/فیلڈ | تفصیل |
|---|---|
| شکایت کی نوعیت | مستفیدین کا انتخاب/ مالی مسئلہ/خریداری/ عملے کا رویہ/ ماحولیاتی /سماجی/ دیگر |
| شکایت کی وضاحت | |
| واقعہ کی تاریخ | |
| متعلقہ فرد/ دفتر | |

### ثبوت

| زمرہ/فیلڈ | تفصیل |
|---|---|
| دستاویزات منسلک | ہاں/نہیں |
| ثبوت کی قسم تصاویر/ دستاویزات/گواہ | |

### دفتر کے استعمال کے لیے

| زمرہ/فیلڈ | تفصیل |
|---|---|
| شکایت وصول کرنے والا | |
| عہدہ | |

| | |
|---|---|
| تاریخ | |
| دستخط | |

کارروائی/تحقیقات

| زمرہ/فیلڈ | تفصیل |
|---|---|
| تفتیشی افسر | |
| تفتیش تاریخ | |
| نتائج | |
| کارروائی | |

حل اور اختتام

| زمرہ/فیلڈ | تفصیل |
|---|---|
| قرارداد فراہم کی گئی | |
| قرارداد کی تاریخ | |
| شکایت کنندہ مطمئن | ہاں/نہیں |
| کیس کی حالت | حل شدہ/ زیرِ التواء/ اعلیٰ سطح پر منتقل |